24/06/2026

9.25 AM(5 min)

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبروں کا بلٹن لیکر میں عارف حسین

کمیٹی

پارلیمنٹ ممبر ششی تھرور کی سربراہی میں خارجی معاملوں سے متعلق پارلیمنٹ کی سٹینڈنگ کمیٹی ان دنوں جموں کشمیر اور لداخ کے دورے پر ہے ۔ کمیٹی کے ممبر ان یوٹیز میں سرحدی سلامتی اور خارجہ پالیسی کے معاملات پر تبادلہ خیال کر رہے ہےں ۔ یہ کمیٹی 25 جون تک جموں ، سرینگر، لیہہ اور کرگل کا دورہ کرے گی ۔ کمیٹی، بھارت کے دو طرفہ کے علاوہ سرحدی علاقوں میں سرحد کے اس پار LOC تعلقات میں حالیہ پیش رفت ، سندھ طاس آبی معاہدے کی معطلی اور کی دہشت گردی کے خطرات کا بھی جائزہ لے رہی ہے ۔

LG کمیٹی

خارجی معاملات سے متعلق پارلیمنٹ کی قائمہ کمیٹی جس کی سربراہی ڈاکٹر ششی تھرور کر رہے ہےں، نے لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا سے لوک بھون سرینگر میں ملاقا ت کی۔

میٹنگ کے دوران جموں کشمیر کی تعمیراتی سرگرمیوں کے کے بارے میں تبادلہ خیال کیا گیا۔ لیفٹنٹ گورنر نے ممبران سے کہا کہ 2019 کے بعد جموںکشمیر میں امن و امان اور دوسری سرگرمیاں معمول کے مطابق جاری ہیں۔

وزیر اعلیٰ کمیٹی

اسی دوران قائمہ کمیٹی کے ممبروں نے سرینگر میں وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ سے ملاقات کی ۔ کمیٹی کے سربراہ ششی تھرور نے وزیر اعلیٰ کو اپنے دورے سے متعلق تفصیل دی ۔ وزیر اعلیٰ اور کمیٹی ممبران نے جموں کشمیر میں تعمیراتی منظر نامے کے بارے میں تفصیلی تبادلہ خیال کیا ۔

لیفٹنٹ گورنر

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے کہا ہے کہ وزیر اعظم نریندر مودی کی سربراہی میں جموں کشمیر میں گورننس کا نظام گزشتہ چند برسوں کے دوران انقلابی تبدیلیوں سے گذرا ہے۔

سرینگر میں پنچایتی راج وزارت اور جموںوکشمیر انتظامیہ کے باہمی اشتراک سے منعقدہ ورکشاپ " سیوا سے SKICC سمردھی" سے خطاب کر تے ہوئے منوج سنہا نے کہا کہ سال 2020 میں محض 35 خدمات آن لائن دستیاب تھیں جبکہ 2023 میں ان کی تعداد 11 سو تک پہنچ گئی اور اس طرح سے جموںو کشمیر نے نیشنل ای سروس ڈیلوری رینکنگ میں پہلا نمبر حاصل کیا۔

سکینہ ایتو

اسپتال کے کام کاج کا جائزہ Speciality اور سپر SMHS صحت وطبی تعلیم کی وزیر سکینہ ایتو نے ایک میٹنگ کے دوران لیا۔ میٹنگ کے دوران وزیر موصوفہ نے ان اسپتالوں میں طبی سہولیات کا جائزہ لیا۔ انھوں نے ہدایت دی کہ ان اسپتالوں میں معیاری طبی سہولیات کے علاوہ صفائی ستھرائی پر خاص دھیان دیا جائے تاکہ یہ طبی ادارہ ملک کے بہترین اداروں میں شمار کئے جائےں۔

جاوید احمد ڈار

زراعت کے وزیر جاوید احمد ڈارسے سول سیکریٹریٹ سرینگر میں مختلف ضلعوں سے تعلق رکھنے والے اسمبلی ممبران ملے جن میں مظفر اقبال خان ، حسنین مسعودی ، پیرزادہ فیروز احمد شاہ ، ارشاد رسول کار اور غلام محی الدین شامل تھے۔ ان ممبران نے وزیر موصوف کے ساتھ اپنے اسمبلی حلقوں میں مختلف تعمیراتی سرگرمیوں کے بارے میں تبادلہ خیال کیا ۔اس موقع پر امور صارفین کے وزیر ستیش شرما بھی موجود تھے۔

محرم الحرام

آج محرم الحرام کی 8تاریخ ہے ۔ اس سلسلے میں اس وقت سرینگر کے گرو بازار سے ڈلگیٹ کی طرف عزاداری کا جلوس بر آمد کیا جا رہا ہے جس میں مختلف اضلاع سے آئے عزادار بڑی تعداد میں شرکت کر رہے ہیں ۔عزاداری کے جلوس میں عقیدت مند مرثیہ خوانی اور نوحہ خوانی کر کے امام حسینؑ اور شہدائے کربلا کو خراج عقیدت پیش کر رہے ہیں۔ انتظامیہ نے جلوس کے احسن اور پر امن انعقاد کے لئے حفاظت کے سخت انتظامات کئے ہیں ۔

DGP

ڈائریکٹر جنرل آف پولیس نلن پر بھات نے پولیس کنٹرول روم سرینگر میں ایک میٹنگ کے دوران شری امرناتھ جی یاترا ، اور سراغ رساں ایجنسیوں کے نمائندوں CAPFsکے سلسلے میں کئے جا رہے انتظامات کا جائزہ لیا۔ اس میٹنگ میں فوج ، نے ہدایت دی کہ یاترا کیلئے حفاظتی انتظامات کو مزید سخت بنایا جائے تاکہ یاترا DGP نے بھی شرکت کی۔ اس موقع پر خوش اسلوبی کے ساتھ انجام دی جاسکے۔

میٹنگ

کمیٹی کی ایک میٹنگ کل اسمبلی سیکریٹریٹ سرینگر میں منعقد ہوئی ۔ میٹنگ کی صدارت ایم Subordinate Legislation ایل اے مظفر اقبال خان نے کی ۔میٹنگ کے دوران مختلف محکموں کے ضوابط کے علاوہ سرکاری کام کاج میں مزید شفافیت لانے کے طور طریقوں پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا ۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت16 اعشاریہ2ڈگری جبکہ جموں میں رات کا کم سے کم درجہ27 اعشاریہ4ڈگری سیلشیس ریکارڈ کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خدا حافظ